سنسار اور یہاں تک کہ مذہبی نظام بھی بہت بدعنوان ہوں گے۔ لیکن خدا بدکاروں کا انصاف کرے گا جب وہ دنیا کو دوبارہ تخلیق کرے گا۔"

"آپ کے خیال میں وہ کس طرح عدالت لگائے گا؟" وملا نے جواب دیا۔

سائرہ نے وضاحت کی، "خداوند یسوع کی کتاب کہتی ہے کہ خدا ہر ایک کے اچھے اور برے اعمال کو ایک کتاب میں درج کرتا ہے۔ دنیا کے آخر میں، خداوند یسوع مسیح بادلوں میں آنے والا ہے۔ ہرکوئی یسُوع کو دیکھےگا۔ وہ پاک کتاب میں لکھی ہوئی چیزوں کے مطابق ہم میں سے ہر ایک کی عدالت کرے گا۔"

وملا بڑی متجسس تھی، "لیکن ہمیں اپنے برے کاموں کے بارے میں کیا کرنا چاہیے؟" اس نے پوچھا۔

سائرہ مسکراتے ہوئے اپنے اسٹاپ پر پہنچی اور بس سے باہر نکلی۔ "یہ بہترین حصہ ہے۔ خداوند یسوع گناہ کی قربانی کے طور پر مر گیا اور پھر دوبارہ زندہ ہوا۔ اُس نے وعدہ کیا کہ اگر ہم اپنے گناہوں کا اقرار کریں اور اُس پر ایمان لائیں، اس کی قربانی کا نیک عمل اس کی زندگی اتنی طاقتور ہے کہ یہ ہمارے تمام برے کرموں کو کتاب سے مٹا دے گی۔"

## بہترین عدالت کا پیغام

اب وہ مرکز تک پہنچ چکی تھیں۔ جو مظلوم خواتین کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ وملا نے غریب، دبلی پتلی بیواؤں کو دیکھا جو روزانہ کھانے کے لیے باہر انتظار کر رہی ہوتی تھیں۔ اس نے ایک متوسط طبقے کی عورت کو تیزی سے اندر داخل ہوتے دیکھا، جو سیاہ چشمے کے پیچھے اپنی کالی آنکھ چھپانے کی کوشش کر رہی تھی۔ وملا کا دل ہمدردی سے پیچ کھانے لگا۔ وہ واحد عورت نہیں تھی جو تکلیف سہہ رہی تھی!


سائرہ نے دیکھا۔ "تم ٹھیک ہو؟"


"ہاں، میں ٹھیک ہوں۔" وملا نے "جواب دیا۔ لیکن میں سوچنےلگی ہوں، کہ خداوند یسوع کو ہمارا جج بننے کے لیے جلد آنےکی ضرورت ہے۔ اگر یہ سچ ہے کہ وہ برے لوگوں کو نیست کر دے گا اوراچھے لوگوں کو ہمیشہ رہنے کے لیے ایک خوبصورت جگہ لے جائے گا، تو یہ سب سے بہترین فیصلہ ہے جس کے بارے میں نے کبھی سنا ہے!"

اگر آپ خداوند یسوع کی کتاب کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں، تو براہ مہربانی اس کاغذ کی پشت پر دی گئی معلومات پر ہمَ سے رابطہ کریں۔

.Copyright © 2023 by Sharing Hope Publications
اِس موادکو غیرتجارتی مقاصد کے ساتھ بغیراجازت پرنٹ اور شیئر کیا جا سکتا ہے۔
حوالہ جات اردوبائبل کے ترمیم شدہ ترجمہ سے لیا گیا ہے۔ حق اشاعت © 2012 پاکستان بائبل سوسائٹی کی اجازت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

## مزید مطالعہ کے لئے




مزید جاننے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔

# میرے درد کا انصاف



وملا سیدھی بستر پر دراز ہوگئی، اس کا دل دھڑک رہا تھا۔ ایک اور ڈراؤنا خواب! ہر چند دنوں میں، خوفناک یادیں اس کے خوابوں میں داخل ہو جاتی ہیں—ایک ایسے شخص کی یادیں جس نے اس کاغلط فائدہ اٹھایا جب وہ صرف ۱۲ سال کی تھی۔

وملا اس دن کو بھول نہیں پائی۔ وہ بہت ہی بُرا اور شرمسار محسوس کرتی تھی، لیکن اُس نے اپنی دلی تکلیف کےاس بھاری بوجھ کو کسی سے بھی نہیں بانٹا تھا۔ وملا یونیورسٹی میں داخل ہوگئی، لیکن ڈراؤنے خواب مسلسل اس کا پیچھا کرتے رہے۔ وہ اس آدمی سے نفرت کرتی تھی اورامید کرتی تھی کہ اسے وہی ملے گا جس کا وہ مستحق تھا۔

## مشکل سوالات

وملا کا ذہن سوالات سے پریشان تھا۔ کیا اس کی عصمت دری کرنے والے کو کرما کے ذریعے انصاف ملے گا؟ وہ اس کے شہر کا ایک معروف باعزت آدمی تھا۔ اس نے لوگوں کے لیے بہت سے اچھے کام کیے، کثرت سے روزے رکھے اور دیوتاؤں سے بڑی عقیدت کا مظاہرہ کیا۔ کیا اگرایک برائی کو اس کی تمام نیکیوں کے مقابلے میں تولا جائے تو فرق پڑے گا؟ وہ نہیں جانتی تھی کہ کرما کے قوانین کیسے کام کرتے ہیں، لیکن وہ جانتی تھی کہ اس کی برائی نے اس پر فرق ڈال دیا ہے۔ وملا اپنا درد نہیں بھول سکی۔

## انصاف کی تلاش

وملا کی ہم جماعتوں میں سے ایک، سائرہ نے ایک ایسی تنظیم میں نگران تربیت حاصل کی تھی جو ضرورت مند خواتین کی مدد کرتی تھی۔ ایک دن سائرہ نے اسے مرکز کا دورہ کرنے کے لیے شہر کے مرکز میں آنے کی دعوت دی۔ جو بیواؤں، تشدد زدہ خواتین اور عصمت دری کی متاثرہ خواتین کی مدد کیا کرتا تھا۔ وملا نے گھبراہٹ محسوس کی اور سوچا کہ کیا کوئی اس کے گھناؤنے راز کو جانتا ہے۔ لیکن سائرہ اتنی مہربان لگ رہی تھی کہ وملا نے جانے کا فیصلہ کیا۔

جیسے ہی وہ گئیں، سائرہ نے انہیں کچھ زخمی خواتین کے بارے میں بتایا جنہیں انہوں نے پچھلے کچھ دنوں میں دیکھا تھا۔

"کیا آپ کبھی ایسی خواتین سے ملی ہیں جن کے ساتھ گروؤں نے زیادتی کی ہو؟" وملا نے شرماتے ہوئے پوچھا۔

"ہاں، کبھی" سائرہ جواب دے دیتی۔ "یہ تو بہت افسوسناک ہے۔ صرف اس لیے کہ کوئی شخص مذہبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہےاس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ خدا سے جڑا ہوا ہے."

"یہ سچ ہے..."

"میرے گرو، مہا گرو، نےفرمایا کہ ہمارے دنوں میں مذہبی دنیا بہت بدعنوان ہو جائےگی۔ ہمیں بگاڑ والے مذہب سے دور آنا چاہیے اورپیدا کرنے والے بھگوان سے جڑے رہنا چاہیے۔ وہ ہمیں صاف ستھرا پاک دل دے گا

**دنیا کے آخر میں، خداوند یسوع مسیح بادلوں میں آنے والا ہے۔ ہرکوئی یسُوع کو دیکھےگا۔**

اور ہماری برائیوں کو معاف کر دے گا۔ پھر ہم ان لوگوں میں شامل ہوں گے جو دیکھتے ہیں کہ خدا اس زمین کو ایک کامل جگہ کے طور پر دوبارہ تخلیق کرَے گا جس میں مزید بدکار لوگ نہیں ہوں گے۔"

"یہ بہت دلچسپ لگتا ہے۔ تمہارا گروکون ہے؟"

"میں یسوع مسیح کی پیروی کرتی ہوں۔ وہ ایک عظیم استاد تھا، لیکن یہ بھی،کہ وہ خدا کا اوتار تھا۔ کیا تم یسوع کےمتعلق جانتی ہو؟"

"مجھے لگتا ہےکہ میں نے بازار میں یسُوع کی کچھ تصویریں دیکھی ہیں، لیکن میں اس کے بارے میں زیادہ نہیں جانتی ہوں۔ اس نےاورکیا کچھ کہا؟"

بس اوپر پیدل چلنے کی راہداری کی سمت رُکی۔ سائرہ نے کہا، "چلو اندر چلتے ہیں، پھر میں آپ کو مزید بتاؤں گی۔"

## رُوحانی ریاکاری

وملا اور سائرہ بس میں سوار ہوئیں اور اُنہیں نشستیں ایک ساتھ مل گئیں۔

سائرہ نےکہا۔ "یسوع نےمذہبی ریاکاری کےنقصان دہ اثرات کے بارے میں بہت کچھ بتایا۔" اس نے اپنے پرس سے یسوع کی ایک چھوٹی سی کتاب نکالی اور اسے کھولا۔ "دیکھو یہ یہاں کیا کہتا ہے،" اس نے اشارہ کیا۔ وملا نے پڑھا،

*اے ریا کار فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کیونکہ تم بیواؤں کے گھروں کو دبا بیٹھے ہو، اور دکھاوے کے لیے نماز کو طول دیتے ہو۔ اس لیے تمہیں زیادہ سزا ملے گی (بائبل، متی ۲۳:۱۴)۔*

"فقیہ اور فریسی کون ہیں؟" اس نے پوچھا۔

سائرہ نے وضاحت کی، "وہ یسوع کے زمانے میں ایک طرح کے گروؤں کی طرح تھے، لیکن وہ بہت ظالم لوگ تھے۔" وملا نے سر ہلایا اور پڑھتی رہی۔

*اے ریا کار فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کیونکہ تم پیالے اور رکابی کو اوپر سے تو صاف کرتے ہو مگر اندر سے وہ لوٹ اور نا پرہیزگاری سے بھرے ہیں۔ اے اندھے فریسی! پہلے پیالے اور رکابی کو اندر سے صاف کر، تاکہ اوپر سے بھی صاف ہوجائیں (متی ۲۳:۲۵،۲۶)۔*

## ابدی عدالت

سائرہ نے کہا کہ "خدا ہمیں محتاط رہنے کو کہتا ہے کیونکہ روحانی ریاکاری آج بھی ہمارے درمیان ہے۔ خداوند یسوع کی کتاب کہتی ہے کہ ہمارے دنوں میں